ابوالحسن علی ندوی کے مختصر مختصر چند مقالات ہیں جن میں تصوف سے متعلق بعض شکوک و شبہات کا جواب دیا گیا ہے اور تصوف کے لطائف و مزایا۔ اور اس کی دینی برکات بیان کی گئی ہیں اگرچہ تصوف جیسے اہم۔ وسیع اور گراں مرتبت موضوع پر اس کتاب کو سیر حاصل نہیں کہا جاسکتا تاہم تصوف کے ایک طالب علم اور مبتدی کے لئے اس کا مطالعہ مفید ہوگا اور اس کو اس میں بہت سی کام کی باتیں بھی نظر آئیں گی

عقاید الاسلام قاسمی از مولوی محمد طاہر قاسمی مرحوم تقطیع متوسط کتابت و طباعت بہتر ضخامت ۱۹۲ صفحات قیمت ۱۲؍ پتہ :- محمد آصف قاسمی مہتمم کتب خانہ قاسمی دیوبند ضلع سہارنپور (یو۔پی)

اس کتاب میں پہلے مولانا سید سلیمان ندوی کے قلم سے اسلام میں عقاید کی حقیقت و اہمیت پر ایک مقالہ ہے اور اس کے بعد بچوں کو خطاب کرکے اسلام کے مختلف عقاید اور ان کے علاوہ دوسرے دینی، علمی، اخلاقی اور تمدنی مسائل و احکام پر آسان اور سلیس و دلنشین پیرایہ میں گفتگو کی گئی ہے اور اس طرح اگرچہ یہ کتاب بچوں کے لئے لکھی گئی ہے لیکن اس لائق ہے کہ بڑے بھی اس کا مطالعہ کریں اور اس سے فائدہ اٹھائیں اور اس کو اسکولوں اور مکاتب کے نصاب دینیات میں شامل کیا جائے

غلامانِ اسلام

اسّی کے قریب ان صحابہ تابعین، تبع تابعین، فقہا اور محدثین اور ارباب کشف و کرامات اور اصحاب علم و ادب کے سوانح حیات اور کمالات و فضائل بڑی تحقیق و تدقیق سے جمع کئے گئے ہیں جنہوں نے غلام یا آزاد کردہ غلام ہونے کے باوجود ملت کی عظیم الشان خدمتیں انجام دیں جنہیں اسلامی سوسائٹی کے ہر دور میں عظمت و اقتدار کا فلک الافلاک سمجھا گیا اور جن کے علمی، مذہبی، تاریخی اور سماجی کارنامے اس قدر شاندار اور اس قدر روشن ہیں کہ ان کی غلامی پر آزادی کو رشک کرنے کا حق ہے اور بجا ہے، یہ یقین کے ساتھ کہا جاسکتا ہے کہ ایسی محققانہ، دلچسپ اور معلومات سے بھرپور کتاب اس موضوع پر اب تک کسی زبان میں شائع نہیں ہوئی اس کے مطالعہ سے غلامانِ اسلام کے حیرت انگیز اور شاندار کارناموں کا نقشہ آنکھوں میں سما جاتا ہے۔ دوسرا ایڈیشن صفحات ۴۸۰ بڑی تقطیع قیمت پانچ روپے ۸؍ مجلد ۶؍